05/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........بھارت اور کولمبو نے کئی شعبوں میں شراکت داری کو فروغ دینے کےلئے متعدد مفاہمت ناموں پر کئے دستخط

*........ مرکزی حکومت اقلیتوں کی فلاح و بہبود کےلئے وعدہ بند// کرن رججو// سرینگر میں کل کریں گے" سموردھن پرو" کا افتتاح۔

*........ وقف املاک اور جائیدادوں کو استحصالی عناصر سے بچانے کےلئے وقف قوانین میں ترمیم وقت کی اہم ضرورت// وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی۔

اور

*........ چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت5ماہ طویل بیداری مہم کا کیا آغاز۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کولمبو میں سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسا نائکے کے ساتھ باہمی مفادات کے کئی معاملات پر دو طرفہ بات چیت کی ۔ اس موقعہ پر د فاع اور توانائی کے علاوہ دیگر کئی شعبوں میں شراکت داری کو فروغ دینے کے لئے متعدد مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا ۔

اس سے پہلے کولمبو کے آزادی چوک پر وزیر اعظم کا پُر جوش استقبال کیا گیا ۔ یہ ان کا سری لنکا کا چوتھا دورہ ہے ۔ وزیر اعظم اور سری لنکا کے صدر وہاں بھارت کی معاونت سے تعمیر کئے گئے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے ۔

سموردھن

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار اقلیتوں کی فلاح و بہبود کےلئے وعدہ بند ہے اور اس میں قوم کی عظیم ثقافتی اور تہذیبی ورثے کو فروغ دینے والے فنکاروں پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیر کل سرینگر میں کشمیریونیورسٹی کے کنونشن سینٹر گراؤنڈ میں" سب کا ساتھ، سب کا وِکاس' ' نظریہ کے تحت" لوک سموردھن پرو" کا افتتاح کریں گے-13 اپریل تک جا ری رہنے والے اس پروگرام کا اہتمام اقلیتی امور کی وزارت کر رہی ہے اور اس میں وزیراعلیٰ عمرعبداللہ خاص مہمان جبکہ اقلیتی امور، فشریز اور پشووپالن مہمان ذی وقار کی حیثیت سے پروگرام میں شرکت کریں Kurianکے مرکزی وزیر مملکت جارج گے۔ اس نمائش میں25 ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے100سے زیادہ دستکار حصہ Vocalلے کر اپنے فن پاروں کی نمائش کریں گے۔ لوک سموردھن پرو، مرکزی حکومت کے نظریے کے تحت مقامی دستکاریوں اور روایتی پکوانوں کو دنیا کے سامنے پیش for Local کرنے کا ایک نادر موقعہ فراہم کرے گا۔

جا وید رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران وادی بھر کے گجر و بکروال ہوسٹلوںکے کام کاج کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر افسروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ قبائلی طبقے کی بہبودی کے لئے ہاتھ میں لئے گئے پروجیکٹوں کی عمل آوری میں تیزی لائیں۔

درخشان

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ وقف املاک اور جائدادوں کو استحصالی عناصر سے بچانے کے لئے وقف قوانین میں ترمیم وقت کی ضرورت ہے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ یہ ترامیم مسلمان طبقے کے مفادات میں ہیں۔

ڈاکٹر درخشان نے کہا کہ وقف بورڈ سرینگر میں اعلیٰ معیار کے جدید ترین کینسر اسپتال کے تعمیر کا منصوبہ عملا رہا ہے ۔

واضح رہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کر دہ یہ خصوصی پروگرام کل رات ساڑھے نو بجے آکاشوانی سرینگر، آکاشوانی جموں اور آکاشوانی کے دیگر سٹیشنوں سے بیک وقت نشر کیا جائے گا۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی و زیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ انکی حکومت ریزرویشن کے معاملے سے نمٹنے کےلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہی ہے اور اس تعلق سے پہلے ہی ایک سب کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ جسے6ماہ کے اندر اندر اپنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کچھ سیاستدان لوگوں کے اذہان میں غلط تاثر پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا

ضمیر

آج ضمیر کا بین الاقوامی دن ہے ۔ہر سال پانچ اپریل کو منایا جانے والا یہ دن عالمی امن ، برداشت اور باہمی احترام کے حصول میں ایک رہنماقوت کے بطور ضمیر کے اہم کردار کو اُجا گر کرتا ہے۔صاف نیت کے ساتھ کیا جانے والا کوئی بھی کام خلوص محبت اور ایک دوسرے کی فکرکے جذبے سے سرشار ہوتاہے۔

ایک رپورٹ کے ساتھ شعبہ خبرکے سر براہ طارق راتھر

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ڈلو

مہم کا IECچیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت آج5ماہ طویل باضابطہ طور آغاز کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ نشہ مکت جمونو کشمیر صرف ایک مہم نہیں ہے بلکہ یہ یہاں کے نوجوانوں کے مستقبل کو تحفظ دینے نیز انکے مستقبل کو سنوارنے کا ایک بڑا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کی لعنت سے نمٹنے کےلئے

نچلی سطح پر کام کرنے کی ضرورت ہے اور اس لت میں مبتلا افراد کی وقت پر کونسلنگ کی جانی چاہئے اور انکی باز آبادی کےلئے اقدامات کئے جانے چاہئے۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیناور روز افزوں یہاں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا جاتا ہے ۔

اسی سلسلے کے تحت آج کولگام میں بھی ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

رسم رونمائی

ایس پی کالج سرینگر میں آج منعقدہ ایک ادبی تقریب کے دوران وادی کے ایک نامور براڈ کاسٹر اور آکاشوانی سرینگر کے سابق پروگرام سربراہ سید ہمایوں قیصر کی تصنیف کردہ کتاب "Different Strokes- Chronicle of Self Discovery" کی رسم رونمائی انجام دی گئی ۔ اس موقعہ پر معروف ماہر نفسیات ڈاکٹر مشتاق مرغوب، نامورصنعت کار سید شکیل قلندر،دوردرشن کیندر سرینگر کے سابق سربراہ ڈاکٹر رفیق مسعودی،آکاشوانی سرینگر کے سابق پروگرام ایگزیکٹیو نثار نسیم بھی موجود تھے ، جبکہ کئی معروف شخصیات نے کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے سید ہمایوں قیصر کے اس ادبی کام کی ستائش کی ۔

ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے ساتھ بات کرتے ہوئے سید ہمایوں قیصر نے اپنے تاثرات کا اظہار یوں کیا۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے گاندربل کی ضلع صدر خواتین وِنگ مبینہ اختر کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ عمر عبداللہ اور پارٹی کے دیگر لیڈروں نے مرحومہ کی نماز جنازہ میں شرکت کی ۔

این سی خواتین وِنگ کی صدر شمیمہ فردوس نے بھی مرحومہ کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے ۔ دریں اثناءڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سابق چیف انجینئرمحمد اسلم خان کے انتقال پر بھی دکھ کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم فاروق عبداللہ کے سمدی تھے۔

اِدھر نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری اور MLA خانیار علی محمد ساگر نے اِشبر نشاط کا دورہ کر کے وہاں لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی اور ترقی کے کاموں کا جائزہ لیا ۔

## CPIM

سی پی آئی ایم کا24واں کانگریس سیتا رام یچوری نگر مدحورائے تامِل ناڈو میں 2اپریل کو شروع ہوا اور یہ6اپریل تک جا ری رہے گا۔ آج کانگریس کے دوران سی پی آئی ایم نے ایک قرار داد پاس کی گئی جس میں دیگر معاملات کے علاوہ مطالبہ کیا گیا کہ جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ فوری طور سے بحال کیا جانا چاہئے ۔

## شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے وقف ترمیمی بل کی حمایت کر تے ہوئے کہا ہے کہ یہ مسلمان طبقے کی بہبودی کو یقینی بنانے کی ضمن ایک تاریخی قدم ہے اور اس سے ملک بھر میں وقف جائیدادوں کی نظامت میں شفافیت آئے گی۔

## سمینار

انوارمنٹل پالیسی گروپ نے انسٹی چیوشن آف انجینئرس کے اشتراک سے آج سرینگر میں گلیشروں کو تحفظ دینے سے متعلق ایک سمینار کا انعقاد کیا۔ اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ

ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔

پولیس

پولیس کی طرف سے آج گورنمنٹ ہائر سکنڈر سکول گوشہ بگ میں ڈرگ ڈی ایڈکشن سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اسی طرح کا بیداری پروگرام پنچایت گھر قلم آباد ہندوارہ میں بھی منعقد کیا گیا۔

پولیس نے اونتی پورہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ستورہ ترال میں ایک طبی کیمپ کا انعقاد کیا۔

اننت ناگ

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر سید فخر الدین حامد نے آج ایک میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر نا تھ جی یاترا سے متعلق جامع ایکشن پلان کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بنیادی ڈھانچے، سکیورٹی، طبی خدمات، صفائی ستھرائی اور یاترا کے احسن انعقاد کےلئے لازمی دیگر اقدامات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے مختلف محکموں کے ما بین قریبی تال میل پر زور دیا۔ اس سال یاترا 3جولائی کو شروع ہو رہی ہے۔

دراندازی

جموں کے آر ایس پورہ سیکٹر میں سرحدی حفاظتی فورسز نے گذشتہ شب سرحد کے نزدیک ایک پاکستانی در انداز کو مار گرایا ۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ رات کے دوران ایک در انداز کو آر ایس پورہ سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد پار کرنے کی کوشش کرتے دیکھا گیا ۔ فورسز نے مذکورہ شخص کو رکنے کے لئے کہا جس نے یہ وارننگ نظر انداز کی ، جس کے بعد سیکورٹی اہلکاروں کو گولی چلانا پڑی ۔

خراج

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے سابق نائب وزیر اعظم بابو جگجیون رام کو ان کے جنم دن پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ سماج کے پچھڑے طبقے کی فلاح کے لئے بابو جگجیون رام کی کوششیں سب کو تحریک بخشتی رہیں گی ۔ آنجہانی کے جنم دن کو سمتا دِوس کے طور پر منایا جاتا ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران مو سم عام طور سے خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ7ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت15اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر11منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر55منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.......................................

....................

.............